Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ، 31 دسمبر 2025ء، 10 رجب المرجب 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 262

# سب سے بڑی ٹریکٹر اسکیم کا ریکارڈ قائم

## دوسرے فیز میں 75 سے 85 ہارس پاور کے مزید 10 ہزار ٹریکٹرز کی قرعہ اندازی مکمل ہو چکی ہے جبکہ ان کی فراہمی کا عمل جاری ہے

## جدید زرعی مشینری کی فراہمی سے پنجاب کاشتکاری میں خود کفیل ہوگا اور حکومت کھوکھلے نعروں کے بجائے عملی طور پر کسانوں کا سہارا بنے گی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور: ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید سال 2025ء میں صوبہ بھر کے فوڈ فراڈ مافیا کے خلاف کارروائیوں بارے بریفنگ دیتے ہوئے

لاہور: (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 30 ہزار ٹریکٹرز مفت چیف منسٹر ٹیکٹر پروگرام کے ذریعے تاریخ کی سب سے بڑی ٹریکٹر اسکیم کا ریکارڈ قائم کر دیا، اس پروگرام کا مقصد پنجاب کے کاشتکاروں کو معاشی خودمختاری فراہم کرنا اور زرعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔ چیف منسٹر ٹریکٹر پروگرام کے پہلے فیز میں 50 سے 75 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم (بقیہ نمبر 5)

## وزیر داخلہ محسن نقوی اور گورنر خیبر پختونخوا کی ملاقات

### خوارجیوں کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

### وفاقی حکومت ہر ممکن سپورٹ کیلئے تیار ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد: (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات ہوئی جس میں خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی جائزہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے صوبے کو درپیش سکیورٹی چیلنجز سے وفاق (بقیہ نمبر 6)

## ون ڈش قانون کی خلاف ورزی پر کارروائی

### شادی ہال انتظامیہ اور عوام کو مقررہ قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کرنا ہوگی، ڈپٹی کمشنر مری

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر پراس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم نے پنجاب میرج فنکشنز ایکٹ کے تحت ایک شادی کی تقریب میں ون ڈش قانون کی خلاف ورزی پر کارروائی کی۔ اس موقع پر پراس (بقیہ نمبر 9)

## آئی جی اسلام آباد امن وامان اور شہریوں کی حفاظت کیلئے متحرک

### افسران سے شہریوں کی سہولت اور حفاظت کے نئے ایشیوز بارے مشاورت، ٹاسکس پر عملدرآمد رپورٹ کا جائزہ لیا

اسلام آباد: (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی امن وامان اور شہریوں کی حفاظت کیلئے متحرک ہو گئے، افسران سے شہریوں کی سہولت اور حفاظت کے نئے ایشیوز کے حوالے سے مشاورت کی، دیئے گئے ٹاسکس (بقیہ نمبر 8)

## خواتین میں منشیات کے استعمال کا رجحان بڑھ گیا

### قومی اسمبلی کی قائمہ کا منشیات کے معاملے پر علیحدہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد: (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں خواتین میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کا انکشاف ہوا ہے جس پر ارکان نے سوشل میڈیا پر ہراسانی کے بڑھتے واقعات پر بھی (بقیہ نمبر 7)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب حکومت کی سالانہ کارکردگی کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

## سرگودھا میں 189 بیڈز کا جدید کارڈیالوجی ہسپتال افتتاح کے قریب

### تعمیر کا 99% مرحلہ مکمل

# صحت اور سیکیورٹی کے شعبوں میں تاریخی پیشرفت

لاہور میں 1000 بیڈز کا جدید نواز شریف کینسر ہسپتال کی تعمیر جاری، ایمرجنسی جنوری 2026ء میں فعال، کسی بھی سطح کے مریض کو انکار نہیں ہوگا، ہسپتال 2027ء تک مکمل آپریشنل ہوگا

اسمارٹ سیف سٹی پنجاب 26 اضلاع میں فعال، خواتین کے تحفظ کے لیے ورچوئل پولیس اسٹیشن اور پینک بٹنز، ہزاروں مقامات پر محفوظ نظام لاگو، خواتین کو ہیلپ لائن 1043 اور ایمرجنسی ایپ اور سائن لینگویج سپورٹ کے ساتھ فوری رسائی میسر ہے

### پنجاب میں میں جرائم میں تاریخی کمی، جرائم میں 2023ء کے مقابلے میں 6.36 کمی، ڈکیتی، راہزنی، اغوا، ڈکیتی، ڈیکیتی، چھینا جھپٹی اور بھگدڑی میں نمایاں کمی ہوئی، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (ثمائمہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں صحت اور سکیورٹی کے شعبوں میں تاریخی پیش رفت جاری ہے، جس کا مکمل ثبوت نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا اور نواز شریف کینسر ہاسپٹل لاہور جیسے میگا منصوبے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا 85 کنال پر قائم ہے، 189 بیڈز پر مشتمل ہے اور 99 فیصد تکمیل کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے؛ او پی ڈی فعال ہے جبکہ کیتھ لیب، ایمرجنسی، آئی سی یو، ڈائیلاسز اور کارڈیک سرجیکل آئی سی یو سمیت تمام جدید سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ منصوبے کی مجموعی لاگت 8.568 ارب روپے ہے، جن میں سے 8.145 ارب روپے (بقیہ نمبر 3)

## یمن کا یواے ای کے ساتھ دفاعی معاہدہ ختم کرنے کا اعلان

یمن (اے ایف پی) یمن کی صدارتی کونسل (پی ایل سی) کے سربراہ رشاد العلیمی نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے ساتھ مشترکہ دفاعی معاہدہ منسوخ کرنے کا (بقیہ نمبر 11)

## شدید دھند: لاہور کا فلائٹ آپریشن 8 گھنٹے سے بند

### 5 پروازیں اسلام آباد اتار لی گئیں، دبئی، ابوظہبی، جدہ کی پروازیں منسوخ

لاہور (اے ایف پی) لاہور کے مختلف علاقوں میں دھند کے باعث لاہور ایئرپورٹ کا فلائٹ آپریشن 8 گھنٹے سے بند ہے، جبکہ 5 پروازیں اسلام آباد اتار لی گئیں۔ لاہور سے دبئی، ابوظہبی، جدہ، کراچی کی پروازیں منسوخ کر دی گئیں، بینکاک، دوحہ، سنگاپور (بقیہ نمبر 10)

## اپوزیشن لیڈر کا میڈیا کو بکاؤ کہنا انکی ذہنی کیفیت کی عکاسی ہے

### پنجاب اسمبلی کا جوحصانی ان کے تحت میں بولیں وہ صحافی ہیں اور باقی صحافی نہیں ہیں "لاہور کیسا لگا "اگر ان کی چیئرمین بنگی ہے تو اس میں صحافیوں کا کیا قصور ہے؟

عظمیٰ بخاری کا صحافیوں کے ساتھ تبادلہ خیال کا مطالبہ، پنجاب اسمبلی سے واک آؤٹ، اپوزیشن لیڈر کے خلاف بلا عزت کے الزامات پر قانونی کارروائی کا اعلان

لاہور (ثمائمہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کا پورے میڈیا کو بکاؤ کہنا ان کی ذہنی کیفیت کو نظر انداز یا مسترد کر دینا ناقابل قبول ہے۔ وزیر اطلاعات نے صحافیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی (بقیہ نمبر 4)

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان ساحل کلرٹیب میں منعقدہ ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## چیئرمین کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کا اٹھارہواں اجلاس

### مائل قبرستانوں میں کشادہ جنازہ گاہ، وضو خانے، پبلک ٹوائلٹ، مناسب پارکنگ، میت بس اور ایمبولینس کی سہولت فراہم کی جائیں گی

### اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر انجینئرنگ سید غلامت رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن اور ڈاکٹر خالد حفیظ کی شرکت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کے اٹھارہویں اجلاس منگل کے روز سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر انجینئرنگ سید غلامت رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر فنانس طاہر خیم، ممبر انجینئرنگ سید غلامت رضا، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر انوائرنمنٹ استنبار بلوچ (بقیہ نمبر 1)

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے بورڈ کے 18ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## بیگم خالدہ ضیاء پاکستان کی پُرعزم دوست تھیں، وزیراعظم

### مشکل کی گھڑی میں خالدہ ضیاء کی فیملی کے ساتھ ہماری دعائیں ہیں

اسلام آباد: (این این آئی) بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء کے انتقال پر وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے اظہار تعزیت کیا گیا ہے۔ ایک بیان میں شہباز (بقیہ نمبر 9)

لاہور: صدر لاہور چیمبر ذیشان الرحمن سہگل اور عہدیداران رفیق دوڈ فیشن کے صدر عہدا بھیجہ صحت کے شعبے میں خواتین اور اطفال کی ضرورت کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

## آوارہ کتوں کھلے مین ہولز کے باعث حادثات

### چیف سیکرٹری پنجاب کا اظہار برہمی

آوارہ کتے، کھلے مین ہولز انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ ہیں، کسی قسم کی کوتاہی قابل قبول نہیں، اجلاس سے خطاب

### اضلاع میں قائم پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹیز (پی ایچ اے) اور واسا کو فوری طور پر مکمل فعال بنانے کی ہدایت جاری

لاہور (این این آئی) صوبہ کے مختلف اضلاع میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات اور کھلے مین ہولز کے باعث پیش آنے والے حادثات پر چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ سول سیکرٹریٹ میں چیف سیکرٹری کی زیر صدارت ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کا ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا، جس میں 'متھرا پنجاب' پروگرام، سڑکوں پر موجود گڑھوں کے خاتمے اور شہروں کی خوبصورتی کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف (بقیہ نمبر 4)

ڈی جی پاک سنگ، پنجاب بال پاسیتن، پی ایچ اے اور دیگر زونیں کے متعلقہ عہدیداران سے خطاب کر رہے ہیں

## پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے کی لیٹر کی متوقع

اسلام آباد: (این این آئی) سے سال کے موقع پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے فی لیٹر کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے فی لیٹر کمی کا امکان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اعتراضی ورکنگ پیپر تیار کر لیے گئے (بقیہ نمبر 20)

## اوورلوڈ ٹرکوں سے 16 ارب روپے نہ لئے جانے کا انکشاف

### کل 18 ہزار ٹرکوں پر اوورلوڈ کی مد 17 ارب کا جرمانہ لگایا گیا

اسلام آباد: (این این آئی) بیکل اکاؤنٹس کمیٹی میں پل بیز پر اوورلوڈ ٹرکوں سے 16 ارب روپے نہ وصول نہ لیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈٹ حکام کے مطابق کل 18 (بقیہ نمبر 21)

## مین ہولز اور نالے میں گر کر جاں بحق ہونے والوں کی مجموعی تعداد 27 ہوگئی

کراچی: (این این آئی) رواں برس کھلے مین ہولز اور نالے میں گر کر جاں بحق ہونے والوں کی مجموعی تعداد 27 ہوگئی ہے، جس میں کمسن بچے، بچیاں اور مرد بھی شامل ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز کراچی کے علاقے (بقیہ نمبر 2)

## بلدیاتی اداروں کی حد بندی کے رولز کا نوٹیفکیشن جاری

### تمام ڈسٹرکٹ کمشنرز آج اپنے نوٹس بورڈ پر متعلقہ اشتہار چسپاں کریں گے

لاہور (اے ایف پی) محکمہ بلدیات نے بلدیاتی اداروں کی حد بندی کے رولز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اس کے تحت تمام ڈسٹرکٹ کمشنرز (ڈی سی) آج اپنے نوٹس بورڈ پر متعلقہ اشتہار چسپاں کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی سی چھ جنوری تک شہری اور دیہی علاقوں کی تھاہیز مرتب کریں گے جبکہ 23 جنوری تک تمام ڈسٹرکٹ کمشنرز بلدیاتی اداروں کی حد بندی کا کام مکمل کریں گے۔

## انفارمیشن سروس اکیڈمی میں بصیرت افروز مکالمے کا انعقاد

### مکالمے کا عنوان "بھارت کی جارحیت اور پاکستان کا اسٹریٹجک جواب: مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ "تھا

### اکیڈمی کے آڈیٹوریم میں منعقدہ اس تقریب میں اعلیٰ فوجی حکام، سفارت کاروں، دانشوروں اور طلبہ نے شرکت کی

اسلام آباد: ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف، ایڈمنسٹریٹر جنرل ڈاکٹر عاصم سلیم باجوہ، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جنرل، ISA کے ساتھ "بھارتی جارحیت اور پاکستان کا اسٹریٹجک ردعمل" ڈائیلاگ کے پینلسٹ کا گروپ فوٹو

اسلام آباد: (ثمائمہ عوامی للکار) انفارمیشن سروس اکیڈمی (ISA) کے زیر اہتمام اسلام آباد میں ایک اسٹریٹجک مکالمے کا انعقاد کیا گیا جس کا عنوان "بھارت کی جارحیت اور پاکستان کا اسٹریٹجک جواب: مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ "تھا۔ اکیڈمی کے آڈیٹوریم میں منعقدہ اس تقریب میں اعلیٰ فوجی حکام، سفارت کاروں، دانشوروں اور طلبہ نے شرکت کی تاکہ خطے کے بدلتے ہوئے سیکیورٹی حالات اور پاکستان کے اسٹریٹجک نقطہ نظر پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ انفارمیشن سروس اکیڈمی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل، محترمہ عمرانہ وزیر نے اپنے افتتاحی کلمات میں معزز شرکا کو خوش آمدید کہا اور جوہری اثیثیا میں پیدا ہوئی (بقیہ نمبر 2)

## دھوکا دہی پر مبنی تشہیر پر بھاری جرمانے

### ریئل اسٹیٹ، آٹو موبائل، تعلیم میں دھوکا دہی پر مبنی تشہیر پر جرمانے عائد

### اسلام آباد میں جعلی اور گمراہ کن ہاؤسنگ اشتہارات پر انکوائری شروع کی گئی

اسلام آباد: (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن نے گمراہ کن تشہیر کے خلاف سخت کارروائیاں کرتے ہوئے ریئل اسٹیٹ، آٹو موبائل، تعلیم اور ہاسپٹلس سیکٹر میں دو کیسز (بقیہ نمبر 15)

## اسپیکر قومی اسمبلی کا خالدہ ضیاء کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

### بنگلہ دیش ایک مدبر، تجربہ کار اور مخلص سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا، سردار ایاز صادق

اسلام آباد: (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم محترمہ خالدہ ضیاء کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 6)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے چیئرمین فصل جنرل ڈائریکٹر، چیئرمین پیپلز گروپ سٹرہاؤ آگ دیکھ ملاقات کر رہے ہیں

## کلرسیداں میں صفائی کے بہتر نظام کو یقینی بنانے کیلئے آگاہی مہم

### اس مہم کا مقصد سموگ کے خاتمے، کوڑا کرکٹ کی مناسب تلفی اور شہری ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانا تھا

### آگاہی مہم کے دوران ٹیم نے ماریکیٹ اور ڈور ٹو ڈور وزٹ کیا، شہریوں میں پمفلٹس کی تقسیم کی گئی

کلرسیداں (ثمائمہ عوامی للکار) "متھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی ویسٹ جنسٹ کمپنی کی پبلکیشنز ٹیم نے کلرسیداں میں صفائی آگاہی مہم کا انعقاد کیا۔ اس مہم کا مقصد سموگ کے خاتمے، کوڑا کرکٹ کی مناسب تلفی اور شہری ذمہ داری کے احساس کو مضبوط بنانا تھا۔ آگاہی مہم کے دوران ٹیم نے ماریکیٹ (بقیہ نمبر 22)

## بسنت کی اجازت کیلئے جاری کیا گیا نوٹیفکیشن چیلنج

### پچھلے چند دنوں میں پتنگ کی ڈور پھرنے سے ایک بچی اور نوجوان زخمی ہوئے

لاہور: (اے ایف پی) بسنت کی اجازت کیلئے جاری کیا گیا ڈپٹی کمشنر لاہور کا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں شہری درخواست ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے دائر کی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کا نوٹیفکیشن غیر قانونی ہے اور فروری کو بسنت کی اجازت کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، پچھلے چند دنوں (بقیہ نمبر 23)

## پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تیزی، انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی: (اے ایف پی) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان کا سلسلہ برقرار ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی کاروبار کے آغاز پر سٹاک ماریکٹ میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد (بقیہ نمبر 24)

## حالات جیسے تقاضے کر رہے ہیں مذاکرات ویسے نہیں ہو رہے

### صاحب اقتدار دل بڑا کریں، حالات بدلنے کیلئے ملاقات کی بھیک مانگتا ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی

### سال 2025ء میں دشمن کے ساتھ میز فائر ہوا لیکن ہمارا آپس کا تناؤ ختم نہیں ہوا، بیرسٹر گوہر کی گفتگو

ڈی جی بیڈمنٹن پنجاب منصر افضال چوہدری نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جنازہ ہال میں نیشنل جونیئر بیڈ منٹن چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر جیتنے والے کھلاڑیوں کو انعامی رقم اور ٹیکس پر ایوارڈ سے پہ ہیں

راولپنڈی: (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ ہر سنگل یہاں آتا ہوں تو ہم افسوس کے ساتھ ملاقات کی اجازت نہیں دی جاتی، حالات بدلنے کے لیے ملاقات کی بھیک مانگتا ہوں، 2025 گزر گیا اب تو حالات بدلنے چاہئیں۔ اڈیالہ روڈ احتجاج کا ٹھ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ تحریک اپنی جگہ لیکن مذاکرات بھی ہونے چاہئیں، حالات جیسے تقاضے کر رہے ہیں ڈرامہ ویسے نہیں ہو رہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ صاحب اقتدار سے درخواست کرتا ہوں کہ حالات کی نوعیت کو دیکھیں (بقیہ نمبر 26)

## ایماندار کی اعلیٰ مثال، 38 لاکھ روپے مسافر کو واپس

### وزیر ریلوے کا پولیس کانسٹیبل کیلئے اپنی جیب سے انعامی رقم کا اعلان

لاہور: (این این آئی) ایمان داری کی اعلیٰ مثال قائم کرنے پر وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی جانب سے ریلوے پولیس کانسٹیبل رائے شریف دینے کا اعلان کر دیا۔ (بقیہ نمبر 7)

## باندھی ریلوے اسٹیشن پر ٹرین حادثے سے بال بال بچ گئی

### پشاور سے کراچی جانے والی رحمان بابا ایکسپریس دو حصوں میں تقسیم

پشاور: (این این آئی) پشاور سے کراچی جانے والی رحمان بابا ایکسپریس دو حصوں میں تقسیم ہو جانے سے بال بال بچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق ٹرین کو آہنی بس (بقیہ نمبر 18)

## مری میں متوقع برفباری، متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کا حکم

### برفباری کے دوران ٹریفک کی روانی برصورت برقرار رکھی جائے، بیوی مشینری کو مسلسل فعال رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر کو ہدایت

### مری پولیس کی معاونت کے لیے لاہور سے اضافی نفری روانہ کی جائے گی، آئی جی پولیس ڈاکٹر عثمان انور

لاہور: (این این آئی) مری اور گرد و نواح میں متوقع برفباری کے پیش نظر چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ کسی بھی بھگدڑ صورتحال سے نمٹنے کے لیے فعال طور پر الرٹ رہا جائے تاکہ سیاحوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیف سیکرٹری کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مری میں (بقیہ نمبر 13)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ناقابلِ تسخیر ادارتی خودمختاری

# ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

## تعلیم سے محروم بچے

**چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار کے ایک بیان کے مطابق بلوچستان میں 69 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ اگر چہ اس وقت ملک میں سکولوں سے باہر بچوں کی مجموعی تعداد دو کروڑ 60 لاکھ سے زائد ہے لیکن بلوچستان میں یہ شرح دیگر صوبوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے۔ ان بچوں کے سکولوں سے باہر ہونے میں معاشی تنگدستی کیساتھ ساتھ حکومت کی ناقص تعلیمی حکمت عملی کا بھی بڑا دخل ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیم معیاری نہیں اور غربت و بیروزگاری انتہا کی ہے' ایسے میں غریب اور کم آمدنی والا طبقہ اپنے بچوں سے محنت مزدوری کروانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔**

**صوبائی حکومت بنیادی تعلیم لازمی کے اصول پر ہر صورت عمل کرائے تاکہ جو بچے غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم ہیں' وہ زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو سکیں۔ علاوہ ازیں سکولوں میں فنی اور تکنیکی تعلیم کو نصاب کا حصہ بنانا چاہیے تاکہ بچے محض ڈگری نہیں بلکہ ہنر بھی حاصل کر سکیں۔ باہنر تعلیم والدین کیلئے ایک عملی ترغیب بن سکتی ہے کیونکہ اس سے بچوں کے مستقبل میں روزگار کے امکانات بڑھ سکتے اور معاشی دباؤ میں کمی آسکتی ہے۔ اگر بلوچستان میں سکول سے باہر بچوں کے اس المیے کو سنجیدگی سے حل نہ کیا گیا تو یہ محرومی نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کے سماجی، معاشی اور سیاسی مستقبل پر گہرے اور خطرناک اثرات مرتب کر سکتی ہے۔**

## "صحافت کے بھی کوئی اخلاقیات ہیں"

تحریر: سید وزہبت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

انسان اپنے آنے کا مقصد نہ بھولے کہیں، خدائے دعوت نے نبی و مرسل اور اولیاء کے ذریعے اس کی عمدہ منصوبہ بندی فرمادی، بے شک کہ وہ خالقِ حقیقی اپنی مخلوق کے مزاجوں سے عمل طور پر آگاہ ہے، جو دلوں کے بھیدوں تک سے واقفیت رکھتا ہے، جو ہر شمر بجالا تے ہیں اس خدائے واحد کا جو ہماری راہوں سے مڑ کر دہایت کے رستے سہل کرتا ہے۔

جو ہر ظاہر اپنے بندے کی توبہ کا منتظر رہتا ہے۔ وہی جو ہماری زیست کو رذیل راہ سے موڑ کر خودی کی راہ دلا رہا ہے۔

وہ جو رب ہو کے اپنی تمام تر ذمہ داریاں پوری کر رہا ہے اور وعدے نبھا رہا ہے

جبکہ ہم اس کی ناقدری تلقوق بین کر رہی کبھی کبھی اکڑ جاتے ہیں، مغرور ہو کر گال پھلا کر چلے جاتے ہیں کہ مخلوق خدا ڈر جائے

وعدہ خدائے متعال ہماری رہنمائی فرمائے۔

آمین

محترم قاری! اب بڑھتے ہیں اپنے کالم کی طرف،

موضوع کی طرف بڑھنے سے پہلے ادھر، ادھر کی کچھ باتیں،

ہم پاکستان اور اس کی عوام و سیاسی قیادت کے لیے لمحات نہایت مزاحمت خیز بن جاتے ہیں جب وہ کہتا شروع کر دے کہ، ''پاکستان کی عوام اور سیاست دانوں کو تو ہم سے کوئی مسئلہ نہیں ہم سے مسئلہ صرف پاکستان کے وفاقی نظام سنبھالے والوں کو ہے۔''

تو ایسا کہنے والوں کے لئے بانیانِ پیشہ ورانی کے عالیہ خطاب کافی ہیں جو انہوں نے محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کی بری پرو دیے۔

اور موجودہ حکومت جو وفاقی نظام سنبھالے والوں کی قوم تم پر بیرانی کرتی نظر آتی ہے، کہ وہ حق رکھتے ہیں کہ ان کی کارکردگی کو سراہا جائے۔

یہ ایک مسئلہ حقیقت ہے کہ کسی بھی ملک کا وفاقی نظام جب ہی مظبوط ہوتا ہے جب عوام اور سیاسی شناسگان حکومتی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں۔

یہ بات یاد رکھنے لائق ہے۔

اب بات ہو جائے اپنے موضوع پر،

''صحافت کے بھی کوئی اخلاقیات ہیں''

محترم قاری! اپنا بہات سامہ پر محترم الصابر عالم کے ایک پروگرام میں پریس کلب لاہور کے صدر

جاتے ہیں کہ مخلوق خدا ڈر جائے

محترم قاری!

زمانے بدلتے ہیں، وقت کا دھارا بہت کچھ بہا کر ساتھ لے جاتا ہے اور بہت سوں کو ادھر، ادھر بہاتا ہے، اس کے باوجود وہ کبھی کبھی ہاتھوں میں ہاتھ دے کر بکھاری کا بھی کرتے چلے ہوتے ہیں بس ایک دوسرے کے دلوں میں یاد بن کر رہ جاتے ہیں۔

وقت کے انہی پانیوں میں کوئی ڈوب جاتا ہے، کوئی لہروں سے مقابلہ کرتے، کرتے تیرنا سیکھ لیتا ہے، اس کے باوجود وہ بھی آخر کار تھک ہو جاتا ہے، کہ وقت کے پانیوں کی طغیانی سہارنے کسی کے بس کی بات نہیں۔

بے شک اس کی لہریں حقوق کو یوں اچھل پچھل کرتی ہیں کہ فنوس کی 'فون' کو بھی نہیں چھوڑتیں، مگر ایک شے ایسی ہے جس کو چاہ کر بھی یہ بپھری موجیں مٹا نہیں سکتیں، وہ یہ کہ سکتیں، اپنے طوفانوں میں غرق نہیں کر سکتیں اور وہ شے ہے ''لفوں کی زبان سے ادا ہوئے جملے، کسی شخص کا ہی کلمہ گو لکھی گئی تحریر، رواں خیر میں بولا گیا سچ، وطن کی خاطر دی گئی جان، ہمارا ہوا وعدہ۔

محترم قاری!

''صحافت کے بھی کوئی اخلاقیات ہیں''۔۔۔

میں نے اپنے کالم کا موضوع اس لیے رکھا کہ اس جملے کو اپنی راہوں میں اتارنا آج وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔

صحافت ہر لحاظ سے زمین پر بسنے والے انسانوں کی زندگیوں پر کسی نہ کسی صورت اثر انداز ہوتی ہے جیتے جی کوئی بھی اس اثر سے بچ نہیں پا سکتا۔

محترم قاری! جب ایسی بات ہے تو پھر ہم بھی کو اس پر بات کرنی چاہئے، اس کی حساسیت کو سمجھنا چاہئے اور جاننے کی کوشش کرنی چاہئے کہ حقیقت میں صحافت ہے کیا؟ اس کے فرائض کیا ہیں؟ اور حقوق کیا ہیں؟

اس ڈگر میں سچے جھوٹے بھی ہوتے ہیں۔ معاشرتی فضاؤں کو پرامن رکھنے والے بھی ہوتے ہیں اور اس کے متضاد بھی، مظلوم بھی ہوتے ہیں اور ظالم بھی، دیانت دار بھی ہوتے ہیں اور خائن بھی۔

دھوکہ دینے والے بھی،

سیدھی راہ دکھانے والے بھی جہاں ملیں گے اور بھٹکا دینے بھٹکانے والے بھی ہوں گے۔

محترم قاری!

ہاں مگر اس کا گہرائی سے مطالعہ کرنے والے بھی دھوکا دکھیں گے، بھٹکیں گے نہیں، اور کہیں کوئی انتشار نہ پھیلائیں گے اور ماحول کو سازگار رکھیں گے۔

محترم قاری!

اب یہ بہت ضروری ہو چکا کہ ملک امن کا گہوارہ بنا رہے۔

بات تو ہے سچ پر، سوال کی،

ان گزرتے ماہ و سال میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کی عوام میں بھی بگڑ گئی، بدلاؤ، بے پروائی، جھوٹ، بہتان بازی وغیرہ جو بلی بڑھی ہے اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔

## پی آئی اے کی نجکاری، قومی اعتماد کا امتحان

تحریر: زبیدہ عالم

پاکستان میں نجکاری کا تصور ہمیشہ سے محض ایک معاشی پالیسی نہیں رہا بلکہ یہ ایک نظریاتی، سیاسی اور سماجی بحث کی علامت بھی رہا ہے۔ دنیا کے بیشتر ممالک میں سرکاری اداروں کی نجکاری اب ایک معمول کی انتظامی تکنیک عملی بھی جانی جاتی ہے، جہاں ریاست اپنے کردار کو پالیسی ساز اور نگران تک محدود کر کے کاروباری ذمہ داریاں نجی شعبے کے سپرد کر دیتی ہے۔ مگر پاکستان میں معاملہ مختلف رہا ہے۔ یہاں ہر نجکاری قومی خودمختاری، وسائل پر کنٹرول، روزگار کے تحفظ اور طبقاتی تقسیم جیسے سوالات کو جنم دیتی ہے۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی نجکاری کی حالیہ کوششیں اسی پیچیدہ بحث منظر میں سامنے آئی ہے۔ پی آئی اے صرف ایک ایئرلائن نہیں بلکہ پاکستان کی شناخت، تاریخ اور اجتماعی یادداشت کا حصہ رہی ہے۔ ایک ایسا ادارہ جس نے مشرق وسطیٰ، افریقہ اور ایشیا کی کئی ایئرلائنز کی بنیاد رکھنے میں تکنیکی کردار ادا کیا، آج خسارہ، بدانتظامی، سیاسی مداخلت اور مالی بوجھ کی علامت بن چکا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی نجکاری کی بات برسوں سے کی جاتی رہی، مگر ہر بار یا تو سیاسی مزاحمت آڑے آتی رہی یا پھر سرمایہ کاروں کی عدم دلچسپی کہ بات بنتی رہی۔

دلچسپ امر یہ ہے کہ عالمی سطح پر نجکاری پر اب زیادہ بحث نہیں ہوتی، مگر پاکستان میں یا تو بازو کی باقی رہ جانے والی واحد چوتھائی اب بھی اس کے خلاف نعرے دیتی ہیں۔ یہ آوازیں اگرچہ مقدم ہوتی جاری ہیں، لیکن جب بھی ایوانِ اقتدار سیاسی فائدہ اٹھانے کے لیے انہیں تقویت دیتی ہے تو یہ ایک قومی مگر لاڈ کا احتجاج میں بدل جاتی ہیں۔ پی آئی اے کے معاملے میں بھی یہی منظرنامہ دیکھنے کو ملتا رہا۔

ابتدا میں یہ اطلاعات سامنے آئیں کہ کسی بھی بڑی غیر ملکی ایئرلائن یا عالمی سرمایہ کار نے پی آئی اے میں سرمایہ کاری سے انکار کر دیا ہے۔ اس انکار کو کئی حلقوں نے پاکستان کی معیشت پر عدم اعتماد کے طور پر دیکھا، مگر تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کار اکثر ایسے اداروں میں سرمایہ کاری سے گریز کرتے ہیں جہاں ماضی کے نقصانات، قانونی پیچیدگیاں اور سیاسی خطرات موجود ہوں۔ پی آئی اے ان تمام عوامل کی حامل تھی۔ ایسے میں منظرنامہ اس وقت تبدیل ہوا جب پاکستانی شہری عبدالاحد آیا۔ ریئل اسٹیٹ، سیمنٹ انڈسٹری، بورڈ کریج پاؤ سمواور تعلیمی شعبے سے وابستہ کمپنیوں کی نمائندگی اے ٹی سی میں دلچسپی ظاہر کی۔ یہ محض کاروباری پیشکشیں نہیں تھیں بلکہ ایک قومی اعتماد کا اظہار بھی تھیں۔ یہ بھلی بات تھا کہ پاکستان کے اپنے سرمایہ کاروں نے اعتماد یہ کے قومی ادارے کو سنبھالنے کا حوصلہ دکھایا۔ بڈنگ کے عمل میں جو شفافیت نظر آئی، وہ خود ایک غیر معمولی پیش رفت تھی۔ دو بڈ سے کنسورشیم۔۔۔ گل گروپ اور عارف حبیب گروپ۔۔۔ میدان میں آمنے سامنے آئے۔ سنگل کے روز بولیاں کھولنے کی تقریب میں سب سے پہلے گل گروپ کی 101.5 ارب روپے کی بولی سامنے آئی۔ ایئر بلیو نے 26.5 ارب روپے کی پیشکش کی، جبکہ عارف حبیب گروپ اور اس کی ساتھی کمپنیوں کی ابتدائی بولی 115 ارب روپے تھی۔ تاہم اصل مقابلہ اوپن بڈنگ کے مرحلے میں ہوا، جہاں عارف حبیب کنسورشیم نے 135 ارب روپے کی حتمی پیشکش کے ساتھ بازی جیت لی۔ یہ فیصلہ محض ایک کاروباری کامیابی نہیں تھا بلکہ پاکستان کی سرمایہ دار اور عالمی اداروں کی مشترکہ مظاہرہ تھا۔ دنیا نے یہ بھلی بار دیکھا کہ پاکستانی سرمایہ کار نہ صرف بڑے اثاثے خریدنے کی صلاحیت رکھتے ہیں بلکہ ایک قومی ادارے کو سنبھالنے کا حوصلہ بھی رکھتے ہیں۔ یہ اس تاثر کی نفی تھی کہ پاکستان کا نجی شعبہ صرف قلیل مدتی منافع کے لیے کام کرتا ہے۔

عارف حبیب کنسورشیم کے چیئرمین نے پی ایم اے کو جیسے کہا تھا کہ پی آئی اے کو محض ایک منافع بخش ادارہ نہیں بلکہ ایک قومی ذمہ داری کے طور پر دیکھا جائے گا۔ اگر یہ وعدہ عملی شکل اختیار کرتے ہیں تو یہ نجکاری کامیابی کے عام اور خاص دونوں معنوں پر اطمینان پیدا کیا ہے۔ کم از کم یہ احساس ضرور پیدا ہوا ہے کہ "گھر کے اثاثے گھر میں ہی رہیں"۔ یہ جملہ محض جذباتی نعرہ نہیں بلکہ ایک گہری نفسیاتی حقیقت کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں قومی اداروں نے تاریخ اور معاشی اتھارٹی کی بنیاد پر اپنے اپنے وجود، قومی اثاثوں کا مقامی ہاتھوں میں رہنا ایک علامتی اہمیت رکھتا ہے۔ تاہم اس تمام تر خوش فہمی کے باوجود چند بنیادی سوالات اب بھی جواب طلب ہیں۔ کیا نجکاری واقعی پی آئی اے کے مسائل کا حل ہے یا یہ محض ریاستی ناکامی کا اعتراف؟ گیارہ نکاتی سیاسی دباؤ سے آزاد ہو کر پیشہ ورانہ بنیادوں پر فیصلے کر سکیں؟ کیا ملازمین کے حقوق کا تحفظ ممکن ہوگا؟ اور سب سے بڑھ کر، کیا پی آئی اے دوبارہ وہ مقام حاصل کر سکے گی جو کبھی اس کی پہچان تھی۔

یہاں یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ نجکاری بذات خود کوئی جادوئی حل نہیں۔ اگر ادارہ جاتی اصلاحات، شفاف کورٹس اور احتساب کا نظام قائم نہ ہو تو نجکاری بھی ناکام ہو سکتی ہے۔ ماضی میں پاکستان میں کئی نجی نجکاریاں اس کی مثال ہیں جہاں ادارے تو فروخت ہو گئے مگر عوامی مفاد قربان ہوا۔

پی آئی اے کی نجکاری کا اصل امتحان اب شروع ہوا ہے۔ بولی جیتنا ایک مرحلہ تھا، ادارے کو بحال کرنا ایک طویل اور صبر آزما عمل ہوگا۔

اگر عارف حبیب کنسورشیم واقعی پیشہ ورانہ مہارت، جدید منجمنٹ اور طویل مدتی وژن کے ساتھ آگے بڑھتا ہے تو یہ ماڈل دیگر سرکاری اداروں کے لیے بھی ایک مثال بن سکتا ہے۔ ریاست کا کردار اب بھی کلیدی ہے حکومت کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ریگولیٹری فریم ورک مضبوط ہو، اجارہ داری نہ بنے، اور قومی مفاد ہر حال میں مقدم رہے۔ نجکاری کا مطلب یہ نہیں کہ ریاست مکمل طور پر دستبردار ہو جائے، بلکہ یہ کردار بہتر انداز میں ادا کرے۔ یہ ایک عبوری مرحلہ ہے، ایک تجربہ، ایک موقع۔ اگر یہ موقع ضائع ہوا تو یہ پاکستان کے معاشی بیانیے میں ایک مثبت موڑ بنا رہ سکتا ہے۔ اور اگر یہی موقع ضائع ہوگا تو اس کی قیمت قوم کو چکانا پڑے گی۔ فی الحال، اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ پاکستانی سرمایہ کاروں کا آگے آنا ایک حوصلہ افزا اشارہ ہے۔

یہ اس اعتماد کی جھلک ہے جو شاید آہستہ آہستہ اس ملک کے اپنے مستقبل پر بحال ہو رہا ہے۔

# SHOWBIZ شوبز

## ہانیہ اور عاصم کی شادی کی خبریں زیرِ گردش، اداکارہ کا مبہم بیان

### حالیہ دنوں میں ہانیہ اور عاصم دونوں کی بڑھتی ہوئی قربتیں ہے



کراچی (این ایس آئی) اداکارہ ہانیہ عامر اور گلوکار اداکار عاصم افغیر کی شادی سے متعلق قیاس آرائیوں نے زور پکڑ لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قیاس آرائیوں کی ایک گونجتی برس کے آغاز میں عاصم اور میرب کی منگنی کا ختم ہونا ،حالیہ دنوں میں ہانیہ اور عاصم دونوں کی بڑھتی ہوئی قربتیں ہے۔ حال ہی میں کراچی کے موقع پر ہانیہ نے پوسٹ شیئر کی ہے جس کے عکس میں تھمر کرتے ہوئے ایک صارف نے لکھا کہ ہانیہ سا ہے آپ شادی کرنے والی ہیں؟ ۔صارف کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے دلچسپ جواب دیتے ہوئے کہا کہ میں نے ابھی سوچا ہے۔

## شوبز، گھریلو زندگی میں توازن رکھنا آسان کام نہیں ہوتا

### بچوں کی اچھی تعلیم تربیت کی ذمہ داری والدین کے سوا کوئی نہیں نبھا سکتا' فضیلہ قاضی



لاہور (این ایس آئی) سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ بچوں کی دینی اور دنیاوی تعلیم پر بھرپور توجہ مرکوز کی اور خدا کی ذات نے نیک اولاد کی صورت میں ہمیں ان کا تحفہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوبز اور گھریلو زندگی میں توازن رکھنا آسان کام نہیں ہوتا لیکن آپ پر ہمیں ہیں تو پھر یہی کوئی مشکل کام نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میاں بیوی ایک دوسرے سے احترام کے ساتھ پیش آئیں تو بچوں پر بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اگر اس کے برعکس رویہ ہوگا تو بچوں کے ذہن پر بھی منفی اثرات ہوں گے۔

## استاد بڑے فتح علی خان کی برسی 4 جنوری کو منائی جائے گی

لاہور (این ایس آئی) کلاسیکل موسیقی کے انمول رتن استاد بڑے فتح علی خان کی برسی 4 جنوری کو منائی گئی۔ پٹیالہ گھرانے کے استاد نے جو گلہا، امرہو گیا، استاد فتح علی اور ان کے بھائی امانت علی کو کلاسیکل موسیقی کا بالکل جڑی قرار دیا گیا، ان کا شمار خیال گائیکی کے ان سرتیل گلوکاروں میں ہوتا ہے، جنہیں ٹھمری، دادرا، غزل، راگ ویداری اور پھیپھ سرگانے میں ملکہ حاصل تھا۔ استاد بڑے فتح علی خان کا فن کاکان کی گائیکی کو سراہے ماننا جاتا ہے۔ بڑے خان کا گان کا طرز اختیار کیا تھا، 17 برس کی عمر میں بڑے فتح علی خان نے شہرت حاصل کر لی تھی۔

## عینی طاہرہ کے نئے گانے ''راجپوتاں دی تی آں'' نے دھوم مچادی

### گانے کو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر لاکھوں لوگ سن چکے ہیں' گلوکارہ



لاہور (این ایس آئی) ٹاپ گلوکارہ عینی طاہرہ کے حال ہی میں ریلیز ہونے والے گانے ''راجپوتاں دی تی آں'' نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ خوبصورت شاعری اور میوزک کی وجہ سے گانے کو بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔ گلوکارہ کے مطابق اس گانے کو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر لاکھوں لوگ سن چکے ہیں جس سے میرا حوصلہ مزید بڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2026 کے لیے بھی منصوبہ بندی کر رہی ہوں اور سب کی ذات کو مخطوظ ہوا تو سے سال میں بھی اپنے پرستاروں کے لئے اسی طرح پر پراجیکٹ لاؤں گی۔

## میں اور میری فیملی کافی عرصے جنات کی فیملی کے ساتھ رہے مدیحہ رضوی

### بیٹی کے ساتھ واقعہ پیش آنے پر پریشان کو لاہور بھگوا کر خود شوہر کے ساتھ دوست کے گھر شفٹ ہو گئی

لاہور (این ایس آئی) اداکارہ مدیحہ رضوی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اور ان کی فیملی کافی عرصے جنات کی فیملی کے ساتھ رہے اور ان کے شوہر کو جنوں سے مار کھانا پڑی۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ کراچی کے معروف علاقے میں ہزار گز کا بنگلہ صرف 13 لاکھ روپے ماہانہ پر مل گیا جبکہ اس میں سوئمنگ پول بھی شامل تھا، مدیحہ نے پراپرٹی ڈیلر سے پوچھا بھی کہیں یہ گھر آسیب زدہ تو نہیں، جب لاہور کا جواب دیا، کہ ایسا کچھ نہیں ہوگا، ہم نے کوئی مسئلہ سے کیا تو میں رونے لگی جس کے بعد انہیں بتایا گیا کہ یہ گھر آسیب زدہ ہے۔

## حنا خواجہ بیات نے محبت کے بغیر شادی کا دردناک قصہ بیان کر دیا

### 'اگر میرا شوہر آج فوت ہو جائے تو میں خود کو خوش قسمت سمجھوں گی اور لاکھوں کا شکر بھی ادا کروں گی

کراچی (این ایس آئی) شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ حنا خواجہ بیات نے محبت کے بغیر شادی کا دردناک قصہ بیان کر دیا۔ حال ہی میں سینئر اداکارہ نے ڈی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دوران گفتگو انہوں نے ایک خاتون کا ذکر کیا جو ازدواجی شادی سے خوش نہیں تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ایک خاتون کے مجھ سے پوچھا کہ آپ کا اپنے شوہر کے ساتھ کیسا تعلق ہے؟ اور آپ ان کی موت کے بعد خوش کیسے رہ پاتی ہیں؟ میں نے جواب دیا کہ ان کی یادیں مجھے خوش رکھتی ہیں اور میں اپنی زندگی کے باقی دن ان کی یادوں کے ساتھ گزار سکتی ہوں کیونکہ وہی تھیں جو مجھے جیتے کی ہمت دیتی رہیں۔ حنا خواجہ نے بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اس کے بعد اس خاتون کی

## حرامانی کا نئی ویڈیو میں بولڈ انداز، سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

کراچی (این ایس آئی) اداکارہ حرامانی ایک بار پھر اپنی بولڈ اداؤں پر صارفین کی تنقید کا نشانہ بن گئیں۔ انڈسٹرام پر اداکارہ نے بالی ووڈ کا ہے تیرے یار میں، سارا رام کھو جیسے میں پرلپ سک کرتے ویڈیو شیئر کی، ویڈیو میں انہوں نے گلابی رنگ کا لباس زیب تن کیا ہوا ہے، جس کے ساتھ بلا سک اپ اور سنہری زیورات جیسی بھی بھن رکھے ہیں۔ اداکارہ کو بھارتی گانے پر ویڈیو شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا، انہیں ان کی بولڈ اداؤں پر صارفین نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ صارفین کمنٹس میں تبصرہ کرتے ہوئے انہیں سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھ رہے ہیں کہ اب آپ کے جینے پر بے ہودگے

## فہد مصطفیٰ نے اپنی نئی اور بے حد متوقع فلم کی شوٹنگ مکمل کر لی

### فلم میں اداکارہ ماہرہ خان مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں، عیدالاضحیٰ پر ریلیز ہوگی

کراچی (این ایس آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سپر اسٹار فہد مصطفیٰ نے اپنی نئی اور بے حد متوقع فلم کی شوٹنگ مکمل کر لی ہے، جس میں ان کے ساتھ ملک کی صف اول کی اداکارہ ماہرہ خان مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں۔ اس اعلان کے بعد فلمی حلقوں اور ماحوں میں جوش و خروش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ فہد مصطفیٰ نے انسٹاگرام پر شوٹنگ مکمل ہونے کی خوشخبری ماحوں کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ فلم پر کافی محنت کی گئی ہے اور اب ریلیز کے کاٹ اپ کا آغاز ہو چکا ہے۔ ان کے مطابق ناظرین کے لیے آگے مزید دلچسپ سرپرائز دیکھنے آنے والے ہیں۔

## میکسیکو کا اولمپک میڈلسٹ انٹیلیجٹ منشیات کا اسمگلر بن گیا

### میڈیز ضبط، گرفتاری میں مدد دینے پر 15 ملین ڈالر کا انعام مقرر

کراچی میں مدد دینے پر 1 ملین ڈالر کا انعام مقرر کیا گیا ہے۔ رین ویڈنگ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ میکسیکو میں منشیات، جہاں پر انتہائی طاقتور نامیاتی حالت کر رہی ہے، حال ہی میں منشیات کنٹرول کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مار رہا ہے اسلحہ، منشیات، گولی اور کیش کے ساتھ 2 ایکسٹیسی میڈیز بھی جنہیں حکام نے قبضے میں لے لیا ہے۔

لاہور کے ایونٹ کے دوران ٹیکنالوجی کے کھیل میں اداکار اور ماڈل کی ٹیمیں۔ ۔ ۔ 

## بقیہ 1

سیت ڈسٹ سمپر افسران نے شرکت کی جبکہ پروفیسر ذاکر الحق علی اعجاز بھی شریک ہوئے جن میں ڈی جی ایف ڈبلیو او، ڈی جی ایف ایس، ڈی جی رائفل اسٹاف اسلام آباد بھی شریک ہوئے۔ پنڈیوں کے ڈی جی ایف ایس نے بتایا کہ ڈی جی ایف ایس کی منظوری دی گئی۔ جنریٹر میں ڈی ایف سی کنٹرولر ہیڈ کوارٹر ایف ایس کو جنریٹر کے لئے مقامات منتخب کرنے کی منظوری دی گئی۔ جنریٹر میں ڈی ایف سی کنٹرولر ہیڈ کوارٹر ایف ایس کو جنریٹر کے لئے مقامات منتخب کرنے کی منظوری دی گئی۔ ڈی ایف سی ڈی ایف ایس بورڈ کے اراکین کو

# سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سالانہ انتخابات

سرپرستِ اعلیٰ محمد ابراہیم خاکی کی سرپرستی میں خوش اسلوبی، نظم و ضبط اور پرامن ماحول میں بلا مقابلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئے

انتخابات میں الطیف پٹیل کے تمام امیدوار مقابلے کے بغیر کامیاب قرار، صحافتی حلقوں میں اطمینان اور خوشی کا اظہار

کشمور (سید رشید احمد شاہ) سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سالانہ انتخابات سرپرستِ اعلیٰ محمد ابراہیم خاکی کی سرپرستی میں خوش اسلوبی، نظم و ضبط اور پرامن ماحول میں بلا مقابلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ انتخابات میں الطیف پٹیل کو سیکرٹری جنرل، ماہ بخش کھوسہ سینئر نائب صدر اور اعجاز علی شورو نائب صدر کے عہدوں پر بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ الیکشن کمیٹی کی جانب سے نتائج کے (بقیہ نمبر 27)

# راولپنڈی گیس لیکیج کے واقعات میں تشویشناک اضافہ

شہری گیس سے چلنے والے آلات کا استعمال انتہائی احتیاط سے کریں، گیس کے نلکوں اور ریگولیٹرز کو اچھی طرح بند کرنے کو یقینی بنائیں

اگر کسی جگہ گیس کی بو محسوس ہو تو فوراً بجلی کے سوئچ آن یا آف نہ کریں اور نہ ہی آگ یا ماچس جلائیں، ریسکیو 1122 کی ہدایت

گیس لیک کے واقعات میں شہریوں کے متعلقہ حادثات معمولی لاپرواہی، بلاضرورت گیس کا استعمال اور حفاظتی اصولوں کو نظرانداز کرنے کے (بقیہ نمبر 48)

# اسکیمر مشتاق کو تعریفی سرٹیفکیٹ، نقد انعام 1 لاکھ سے نوازا گیا

اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی نے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سب انسپکٹر مشتاق کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام 1 لاکھ روپے سے نوازا جبکہ تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سب انسپکٹر رضوان اصغر کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام 1 لاکھ روپے سے نوازا جبکہ تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا گیا

# پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کی طرف سے شام موسیقی کا انعقاد

استاد اعجاز توکل خان، حیدر توکل اور علی رضا توکل نے دلکش پرفارمنس سے سماں باندھ دیا

راولپنڈی (این ای این) پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کے زیر اہتمام ایک شاندار کلاسیکل میوزک نائٹ کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد کلاسیکل موسیقی کی روایات کو فروغ دینا اور فن موسیقی سے محبت کرنے والوں کو ایک یادگار تفریح فراہم کرنا تھا۔ محفل میں معروف استاد اعجاز توکل خان، حیدر توکل اور علی رضا توکل نے اپنی دلکش پرفارمنس سے سماں باندھ دیا جبکہ ماہر باسری نواز استاد حنیف خان نے شاندار پرفارمنس سے محفل میں سرحدیاری کر دیا اور خوب داد سمیٹی۔ اس

راولپنڈی سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا

# نیوائیر نائٹ کے حوالے سے جامع اور منظم ٹریفک پلان تیار

ایک پولیس کے 600 سے زیادہ اہلکار ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے

ون ویلنگ، ریسنگ و کار سلیکنگ کی روک تھام کیلئے 7 سپیشل سکواڈ بھی تشکیل

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ٹریفک پولیس نے نیوائیر نائٹ کے حوالے سے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے جامع اور منظم ٹریفک پلان تیار کر لیا ہے جس کے تحت 600 سے زیادہ اہلکار راولپنڈی کے اہم شاہراہوں کے جنکشن، ون ویلنگ، ریسنگ و کار سلیکنگ کی روک تھام کیلئے 7 سپیشل سکواڈ بھی تشکیل دے دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے چیف سیکیورٹی آفیسر ٹریفک ہیڈ کوارٹر اسکیمر محمد وسیم نے نیوائیر نائٹ کے موقع پر شہریوں کو بہترین ٹریفک سہولیات کی فراہمی اور ون ویلنگ کی روک تھام کیلئے راولپنڈی سمیت تحصیل ہائے کیلئے جامع اور منظم ٹریفک پلان تشکیل دے دیا۔ نیوائیر نائٹ کے موقع پر ٹریفک پولیس

# کچہ سٹاپ میں شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کا نوٹس

سی پی او راولپنڈی نے ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا

راولپنڈی (این ای این) تھانہ ویسٹریج کے علاقے کچہ سٹاپ میں فائرنگ سے شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹریج کے علاقے کچہ سٹاپ میں فائرنگ سے شہری کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لے لیا ہے اور ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق دیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ساہتہ دشمنی

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

# موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

راولپنڈی (این ای این) تھانہ ڈان پولیس نے سٹریٹ کرائم و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے چھینے گئے 2 موبائل فون، موبائل فونز و مسروقہ موٹر سائیکلوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 42 ہزار روپے برآمد ہوئی۔ اس پر راول سدا رشد نے

راولپنڈی: تھانہ ڈان پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے موبائل فونز اور رقم برآمد

# ڈپٹی کمشنر چکوال کا تحصیل چوآسیدن شاہ کا دورہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور آر ایچ سی بیشارت کا معائنہ کیا

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل چوآسیدن شاہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور آر ایچ سی بیشارت کا تحصیل معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر چکوال نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ایمرجنسی وارڈ، فارمیسی، لیبارٹری ادویاتی اسٹور اور وارڈز کے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات پارے دریافت کیا اور ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کی بروقت دیکھ بھال، صفائی ستھرائی، اور ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری کو یقینی

# پنجاب فوڈ اتھارٹی کی چکوال میں بڑی کارروائی

## کلر کہار سروس ایریا پر چھ فوڈ پوائنٹس کی تفصیلی انسپکشن کی گئی

راولپنڈی ڈویژن نے چکوال کے علاقے کلر کہار سروس ایریا میں خوراک کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور کارروائیاں کیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی نیوں کے


ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پیاسر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035


# چوآسیدن شاہ پولیس کی کارروائی، 300 پتنگیں، 80 ڈوریں برآمد

چکوال (این این آئی) چوآسیدنشاہ پولیس نے پتنگ فروش کلاف کاروائی میں 300 پتنگیں اور 80 ڈوریں برآمد کر لیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیر نگرانی ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ سرکل کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ سب انسپکٹر عمیر حسین، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عاطف حسین نے ہمراہ فورس کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش محمد جواد ولد حافظ محمد دین سکنہ ڈھوک گوگرتار کے اسکے قبضہ سے 300 (بقیہ نمبر 49)

# 5 افراد گرفتار زیر حراست، 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 افراد کو حراست میں لے کر 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بگھیڑی پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ کینٹ پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب برآمد کی، دوران پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

راولپنڈی: ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر احکامات جاری کرتے ہوئے

# ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی کھلی کچہری

ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے کلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل (بقیہ نمبر 50)

# پتنگ بازی، ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے آگاہی واک

پتنگ بازی کو ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا، 3 سال سے 7 سال تک قید کی سزا ہو سکتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایات پر پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کیلئے آگاہی واک کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق آگاہی واک ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی اور صادق آباد کے مختلف علاقوں میں کی گئی، آگاہی واک میں ایس ایس پی ٹریفک ایڈمنسٹریشن، ایس ایچ او صادق آباد، ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کی انتظامیہ، طلباء اور انجمن تاجران سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، پتنگ بازی ناقابل (بقیہ نمبر 51)

# نیوائیر نائٹ کیلئے ٹریفک پلان جاری، ٹریفک پولیس مری

مری ون ویلنگ اور بغیر سائلنر۔ بغیر ہیلمٹ۔ کم عمر ڈرائیور کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کم عمر ڈرائیور۔ بغیر ہیلمٹ۔ بدون نمبر پلیٹ موٹر سائیکل سوار پر مکمل پابندی ہوگی، چیف ٹریفک آفیسر مری

راولپنڈی (سی ایم لنکس) چیف ٹریفک آفیسر مری عمران رزاق نے مری کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نیوائیر نائٹ 2026 کے پیش نظر مربوط ٹریفک پلان جاری کر دیا۔ چیف ٹریفک وارڈنز افسران کی چھٹیاں ممنوع کر دی گئی ہیں۔ عوام الناس کی سہولت کے لیے ٹریفک وارڈنز افسران کے چیکنگ اسکوارڈ تشکیل دے دیے ہیں تاکہ کسی بھی ممکن ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ ہو۔ مال روڈ پر جرم کی ٹریفک کے لیے مکمل طور پر بند رہے گا۔ کم عمر ڈرائیور۔ بغیر ہیلمٹ۔ بدون نمبر پلیٹ موٹر سائیکل سوار پر مکمل پابندی ہوگی اور مری میں ون ویلنگ کرنے اور بغیر سائلنر موٹر سائیکل سوار کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل (بقیہ نمبر 52)

# مویشی چوری کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چونترہ پولیس نے مویشی چوری کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مویشی چوری کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2019 سے چونترہ پولیس کو مویشی چوری کے 2 مقدمات میں مطلوب تھا جن ازیں اشتہاری کے 2 ساتھیوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس ایچ او سدرا نعیم شیرنے کہا کہ پولیس نے بیہڑ میں اغیل نقیں سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں گی۔

# یمن کا یواے ای کے ساتھ دفاعی معاہدہ ختم کرنے کا اعلان

یمن میں موجود یواے ای کی تمام فورسز کو 24 گھنٹوں میں ملک چھوڑنا کا حکم

یمن (اے ایف پی) یمن کی صدارتی کونسل (پی ایل سی) کے سربراہ رشاد العلیمی نے متحدہ عرب امارات (یواے ای) کے ساتھ مشترکہ دفاعی معاہدہ منسوخ کرنے کا فیصلہ اعلان کر دیا۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق رشاد العلیمی نے کہا کہ یمن میں موجود یواے ای کی تمام فورسز کو 24 گھنٹوں کے اندر ملک چھوڑنا ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یمن کی تمام بندر (بقیہ نمبر 53)

# 6 مجرمان اشتہاریوں سمیت 12 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، کسی کو امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے 6 مجرمان اشتہاریوں سمیت 12 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضے سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی عامر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی ہک اور تھانہ (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی سی پی او سید خالد ہمدانی بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیتے ہوئے

# کمشنر راولپنڈی کی زیر صدارت اجلاس برائے جاری منصوبوں کا جائزہ

اس بات کو یقینی بنایا جائے اسسٹنٹ کمشنرز اور تمام متعلقہ محکمے اپنے اپنے حدود میں جاری سکیموں سے اپ ڈیٹ میٹس سے مکمل طور پر آگاہ ہوں

تمام سکیموں کی واضح نشاندہی نقشے پر کی جائے اور یہ نقشے متعلقہ محکموں کو فراہم کیے جائیں، کمشنر راولپنڈی ڈویژن

# اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

چائنہ پرتال کیلئے 16 مشکوک افراد، 9 موٹر سائیکلوں، ایک گاڑی تھانے منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران چائنہ پرتال کیلئے 16 مشکوک افراد، 9 موٹر سائیکلوں اور ایک گاڑی تھانے منتقل کیا جبکہ 505 افراد، 103 گھروں، 25 کاٹیجز، چار ہوٹلز، 95 موٹر سائیکلوں اور 35 گاڑیوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں ڈوگل ایس پیری کی زیر نگرانی تھانہ سبل، تھانہ نیلور، تھانہ کراچی کمپنی اور تھانہ (بقیہ نمبر 55)


مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے


# 10 اہلکاروں کیخلاف محکمانہ کارروائی

بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز

10 افسران و اہلکاروں کو سزائیں، ڈیوٹی اور ٹریننگ کورس سے غیر حاضری پر 6 اہلکاروں کو وارننگ جاری

محکمانہ احتساب کا مقصد قانونی اور پیشہ ورانہ معیارات برتنے سے عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے، ڈی جی ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے ہیڈ کوارٹرز میں اندرونی نظم و ضبط کو مزید مؤثر بنانے کے لیے محکمانہ احتساب کا مقصد قانونی اور پیشہ ورانہ معیارات برتنے سے عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے، ڈی جی ایف آئی اے کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اور ڈی جی ہیڈ کوارٹرز ایف آئی اے کے مطابق اندرونی اختیارات سے تجاوز، طلب طلب افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق اندرونی دوران میں مجموعی طور پر 10 افسران و اہلکاروں کو مختلف سزائیں سنائی گئیں جبکہ ڈیوٹی اور ٹریننگ کورس سے غیر حاضری (بقیہ نمبر 3)

# ڈی پی او چکوال کا پولیس چوکی میال کا دورہ، معائنہ کیا

پولیس چوکی میں آنے والے سائلین کو بہترین سرمز اور ماحول فراہم کرنے کی ہدایت

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے پولیس چوکی میال کا دورہ کیا اور وہاں کا سماجی کیا۔ ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ پولیس نے پولیس چوکی میال کا وزٹ کیا جس میں انہوں نے پولیس چوکی کا رائم ریکارڈ سکیورٹی چیکنگ، پولیس چوکی کا رائم و کلائم وزری، بدعنوانی اور پرامن ماحول کا جائزہ لیا۔ انتظامات میں الطیف پٹیل محمد ابراہیم خاکی کی سرپرستی میں خوش اسلوبی، نظم و ضبط اور پرامن ماحول میں بلا مقابلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ انتخابات میں الطیف پٹیل کو سیکرٹری جنرل، ماہ بخش کھوسہ سینئر نائب صدر اور اعجاز علی شورو نائب صدر کے عہدوں پر بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ الیکشن کمیٹی کی جانب سے نتائج کے (بقیہ نمبر 27)



# خصوصی افراد کے تحفظ کیلئے تحریری حکم جاری

عدالت کا سرکاری وکیل کو متعدد نکات پر ہدایات لیکر رپورٹ پیش کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے خصوصی افراد کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے دائر درخواست پر لاہور بائیکورٹ کا تحریری حکم جاری کر دیا، عدالت نے سرکاری وکیل کو متعدد نکات پر ہدایات لکر رپورٹ پیش کرنے کا حکم

# سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ

تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو آفیسر آف دی منتھ قرار

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں تھانہ سرکل اور ڈویژن وار کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام 1 لاکھ روپے سے نوازا جبکہ تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سب انسپکٹر مشتاق کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام 1 لاکھ روپے سے نوازا جبکہ تھانہ وارث خان کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر رضوان اصغر کو بحرین کارکردگی پر آفیسر آف دی منتھ قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بحرین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر



# غیر رسمی رئیل میعشت، پوشیدہ طاقت، وستاویزی چیلنج

اسلام آباد: (سی ایم لنکس) پاکستان کی گلیوں، بازاروں اور محلوں میں شام و ہفتے ہی جو معاشی سرگرمی عروج پر ہوتی ہے، وہ ملک کی غیر رسمی رئیل میعشت کی اصل تصویر پیش کرتی ہے، کریانہ اسٹورز، بریانی بان، گھریلو کاروبار، چھوٹے فروش اور اسٹریٹ ریٹیلرز روزمرہ ضروریات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، مگر یہ وسیع شعبہ اب (بقیہ نمبر 28)

# طالبان دور میں صحافت کا گلا گھونٹ دیا گیا، قتل، تشدد اور گرفتاریاں بے نقاب

کابل (این این آئی) افغانستان میں افغان طالبان کے زیر اقتدار نظام میں صحافیوں کو شدید جبر، تشدد، دھمکیوں اور گرفتاریوں کا سامنا ہے، جس کے باعث میڈیا کی آزادی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ محقف رپورٹس کے مطابق طالبان حکومت میں آزادی اظہار اور تقریر کا قتم ہو چکی ہے اور صحافی خوف کے ماحول میں کام کرنے پر مجبور ہیں۔ افغان میڈیا واچ ڈاگ کی 2025 کی رپورٹ کے مطابق رواں سال افغانستان میں میڈیا پر جبر اور صحافیوں (بقیہ نمبر 29)

# پاکستان کی ماربل انڈسٹری کا ویلیو ایڈیشن سے محروم ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) فائنسگ کے لیے کابل لمل اس ایم ای پراجیکٹ پروفائنر اور ٹیکنالوجی اپ گریڈیشن سے متعلق ہوٹی پروگرامیوں کی عدم دستیابی کے باعث پاکستان کی ماربل اور گرینائیٹ کی صنعت ویلیو ایڈیشن سے محروم ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس بات کا انکشاف آل پاکستان ماربل انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے جنرل بلال (بقیہ نمبر 31)

لاہور: چیف جسٹس لاہور بائیکورٹ جسٹس ملک عابد لطیف ہائی جج کے بدلے ایکیڈیز کمسیونسل کورٹس کا وشن جنبیت مٹم، جوڈیشل ڈیپارٹس پیوسٹیہ فیز سٹم اور انوینٹری جنبیت کی انتظامی تقریب کی صدارت کر رہی ہیں، سٹرٹیرا لاہور بائیکورٹ اجمل اقبال، ناظم ادارہ ای ڈسٹرکٹ جوڈیشری اور ڈی جی جوڈیشل پولیسس جنبیت بھی موجود ہیں

# ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت کے باعث خاتون جاں بحق

سرگودھا (آئی آئی پی) پنجاب کے شہر سرگودھا میں مریم نواز ہسپتال میں ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت کے باعث خاتون جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز کی غفلت کا شکار ہونے والی خاتون نے چند روز قبل بچی کو جنم دیا تھا، دوئانے لاش کو کوٹ مومن روڈ پر رکھ کر احتجاج کیا اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ ذرائع محکمہ صحت کے مطابق قائم مقام ایم ایس اور سی او میلیتو کو معطل کر دیا گیا، خاتون کی موت کی وجوہات معلوم کرنے کیلئے تحقیقات شروع کی جا چکی ہیں۔

# قومی انعامی بانڈز کی نئے سال کی پہلی قرعہ اندازی 15 جنوری کو ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) قومی انعامی بانڈز کی نئے سال 2026 کی پہلی قرعہ اندازی 15 جنوری کو پشاور میں منعقد ہوگی 750 روپے مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 1 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 5 لاکھ روپے کی 3 اور تیسرے انعام میں 50 ہزار روپے مالیت کے 69 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

# "سپر فلو" عوام الناس کو گھبرانے کی ضرورت نہیں، محکمہ ہیلتھ

معمول کی صفائی، ہاتھ دھونے، اور سانس سے متعلق احتیاطی تدابیر اختیار کریں، کیونکہ مجموعی طور پر صورتحال مکمل طور پر کنٹرول میں ہے

ضلع ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی نے انفلوئنزا اے (H3) جسے عام طور پر "سپر فلو" کہا جاتا ہے، کے حوالے سے کڑی نگرانی برقرار رکھی ہوئی ہے

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ضلع ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی نے انفلوئنزا اے (H3) جسے عام طور پر "سپر فلو" کہا جاتا ہے، کے حوالے سے کڑی نگرانی برقرار رکھی ہوئی ہے۔ اس مقصد کے لیے شدید نوعیت کی سانس کی بیماریوں (SARI) اور انفلوئنزا سے مشابہ علامات (ILI) کے کیسز کی مسلسل اور سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ موجودہ وبائیاتی اعداد و شمار کے مطابق صورتحال مکمل طور پر قابو میں ہے۔ دسمبر کے دوران شدید سانس کی بیماری کے 22 مشتبہ کیسز کی اسکریننگ کی گئی، جن میں سے صرف چار کیسز کی تصدیق ہوئی، اور تمام مریضوں نے علاج (بقیہ نمبر 46)

# راولپنڈی، ذائی رنجش پر شہری کو زخمی کرنے والے 3 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ امرال پولیس نے ذائی رنجش پر شہری کو زخمی کرنے والے 3 افراد گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق روح امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے، ذائی رنجش پر چھری اور ڈنڈوں کے وار سے شہری کو زخمی کرنے والے 03 افراد کو گرفتار کر لیا، واقعہ کا مقدمہ رواں سال جون میں درج کیا گیا تھا۔ ایس ایچ او راول سدا رشد نے کہا کہ کہوٹہ امرال پولیس نے بیوسن اٹیلی جنس سیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا۔ (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی: سی پی او سید خالد ہمدانی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں افسران سے میٹنگ کرتے ہوئے